**10.10.2023**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Music**

☆ وزیراعظم نریندرمودی آج نئی دلّی میں ایشیائی کھیلوں میں شرکت کرنے والے بھارتی کھلاڑیوں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔
☆ وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے رُوم میں اٹلی کے اپنے ہم منصب **Guido Crosetto** کے ساتھ بات چیت کی۔ دونوں ملکوں نے دفاعی اشتراک و تعاون کو فروغ دینے کیلئے سمجھوتوں پر دستخط کیے۔
☆ مہیلا سمّان سیونگس سرٹیفکیٹ کے آغاز کے چھ مہینے کے اندر **18** لاکھ سے زیادہ اکاؤنٹس کھولے گئے ہیں۔ گیارہ ہزار کروڑ روپے سے زیادہ جمع کیے گئے ہیں۔
☆ اسرائیل نے اتوار کے روز حملے کے بعد غزہ سے متصل اپنی سرحد کو محفوظ رکھنے کا دعویٰ کیا ہے۔
☆ اور......**ICC** کرکٹ ورلڈ کپ میں دھرم شالہ میں انگلینڈ اور بنگلہ دیش کے درمیان میچ جاری ہے۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Atheletes**

وزیراعظم نریندر مودی آج اُن بھارتی کھلاڑیوں سے گفتگو اور خطاب کریں گے جنہوں نے ایشیائی کھیلوں میں حصہ لیا تھا۔ وہ ایشیائی کھیلوں میں اُن کی غیرمعمولی کارکردگی پر نئی دلی میں کھلاڑیوں سے ملاقات کریں گے اور آئندہ مقابلوں کیلئے انہیں تحریک دیں گے۔اتوار کو اختتام پذیر ہوئے ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے سونے کے **28** تمغوں سمیت کُل **107** تمغے حاصل کئے۔تمغوں کی کُل تعداد کے اعتبار سے ایشائی کھیلوں میں بھارت کی اب تک کی یہ بہترین کارکردگی ہے۔بھارتی کھلاڑیوں کو اُن کی بہترین کامیابی پر مبارک باد دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ کھیلوں میں ہر باعث ترغیب مظاہرے نے تاریخ رقم کی اور ہم وطنوں کے دلوں کو فخر سے بھردیا۔

اس تقریب میں ایشیائی کھیلوں میں حصہ لینے والے بھارتی کھلاڑی، اُن کے کوچ، بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن کے عہدیداران اور کھیلوں کی قومی فیڈریشن کے نمائندے شرکت کریں گے۔

**Rajnath Singh**

وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے اٹلی کے اپنے سرکاری دورے کے پہلے دِن کل رُوم میں اَٹلی کے اپنے ہم منصب Guido Crosetto کے ساتھ بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے دفاعی اورصنعتی اشتراک و تعاون میں مواقع کے بارے میں تبادلۂ خیال کیا۔ دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی اشتراک و تعاون کو فروغ دینے کیلئے مختلف معاہدوں پر دستخط کیے گئے۔ جناب راجناتھ سنگھ نے اٹلی کی دفاعی کمپنیوں کے ساتھ بھارتی اسٹارٹ اَپس کی بات چیت کو فروغ دینے کی بھی تجویز پیش کی۔ وزارت دفاع کے مطابق دونوں فریقوں نے تربیت، معلومات، بحری مشقوں اور بحری سیکورٹی کے تبادلے سمیت دفاعی اشتراک و تعاون کے متعدد اُمور پر تبادلۂ خیال کیا۔ وزارت دفاع نے مزید کہا کہ دفاعی اشتراک و تعاون سےمتعلق معاہدوں میں سیکورٹی اور دفاعی پالیسی ، تحقیق و ترقی، ملیٹری کے شعبے میں تعلیم، بحری شعبے میں بیداری، دفاعی معلومات کے تبادلے اورصنعتی اشتراک شامل ہیں۔ اِس میں مشترکہ ترقی، مشترکہ پیداوار اور مشترکہ کمپنیوں کا قیام بھی شامل ہے۔

**Sitharaman Morocco**

خزانہ اور کارپوریٹ امور کی مرکزی وزیر نرملاسیتارمن مراقش کے سرکاری دورے پر روانہ ہوگئی ہیں۔وہ جی ٹوئنٹی کی میٹنگوں کے ساتھ ساتھ عالمی بینک اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کی سالانہ میٹنگوں میں شرکت کریں گی۔ان میٹنگوں میں دنیا بھر کے وزرائے خزانہ اور مرکزی بینکوں کے عہدیداران شامل ہوں گے۔محترمہ سیتارمن اور آر بی آئی کے گورنر شکتی کانت داس، وزرائے خزانہ اور مرکزی بینکوں کے گورنر کی جی ٹوئنٹی کی چوتھی میٹنگ کی مشترکہ طورپر صدارت کریں گے۔

محترمہ سیتارمن Marrakech میں 11 سے 15 اکتوبر تک ہونے والی دیگر میٹنگوں کے علاوہ انڈونیشیا، مراقش، برازیل، سوئٹزرلینڈ، جرمنی اور فرانس کے ساتھ دوطرفہ میٹنگیں بھی کریں گی۔

**Mahila Samman Accounts**

ملک بھر میں مہیلا سمّان بچت سرٹیفکیٹ 2023 کے تحت گیارہ ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی مالیت کے 18 لاکھ سے زیادہ اکاؤنٹس کھولے گئے ہیں۔ مواصلات کے وزیر نے کہا کہ اِس سال یکم اپریل کو مہیلا سمّان بچت سرٹیفکیٹ کی نئی اسکیم شروع کی گئی تھی۔ دو سال کی مدت کی یہ اسکیم ساڑھے سات فیصد کی پرکشش اور مقررہ شرح سود کی پیش کش کرتی ہے۔ یہ اسکیم دو سال کی مدت کیلئے 31 مارچ 2025 تک کار آمد ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ 405 کروڑ روپے کے 33 ہزار سے زیادہ اکاؤنٹس دلّی میں کھولے گئے ہیں۔

## Irani Malnutrition

خواتین اور بچوں کی بہبود کے وزیر محترمہ اسمرتی ایرانی آج نئی دلی میں بچوں میں تغذیے کی کمی کے بندوبست کے لیے پروٹوکول کا آغاز کریں گی۔ اس سے حوالہ کے تعلق سے فیصلہ سازی، تغذیے کے بندوبست اور اس کے بعد کی دیکھ بھال سمیت آنگن واڑی سطح پر تغذیے کے کمی کے شکار بچوں کی شناخت اور بندوبست کے لیے تفصیلی طریقے فراہم ہوں گے۔ تغذیے کی کمی ایک ایسا مشکل چیلنج ہے جس کے لیے مشترکہ کارروائی ضروری ہے۔

## BJP List

وزیراعظم اس دوران بی جے پی نے کل مدھیہ پردیش ، راجستھان اور چھتیس گڑھ کے لیے اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا۔ پارٹی نے مدھیہ پردیش کے لیے 57 امیدواروں کی ایک اور فہرست جاری کی۔ وزیراعلیٰ شیو راج سنگھ چوہان بھڈنی سیٹ سے جبکہ ریاستی وزیر نروتم مشرا داتیہ حلقے سے چناؤ لڑیں گے۔ راجستھان کے لیے بی جے پی نے 41 امیدواروں کی اپنی پہلی فہرست جاری کی۔ اس فہرست میں 7 ارکان پارلیمنٹ شامل ہیں۔ راجیے وردھن سنگھ راٹھور جھوٹ واڑہ سے جبکہ کروڑی لال مینا سوائی مادھوپور سیٹ سے انتخابات لڑیں گے۔ چھتیس گڑھ کے لیے پارٹی نے 64 امیدواروں کی ایک اور فہرست بھی جاری کی۔ چھتیس گڑھ کے سابق وزیراعلیٰ رمن سنگھ راج نندن گاؤں اسمبلی سیٹ سے جبکہ مرکزی وزیر رینوکا سنگھ بھرت پور سونہت سیٹ سے بی جے پی کے امیدوار ہوں گے۔

## Assam cabinet

آسام سرکار نے Asom Mala کے تحت ایک ہزار کلو میٹر طویل نئی سڑک پروجیکٹ تیز رفتار اقتصادی راہداری کو اصولی طور پر اپنی منظوری دے دی ہے۔ اِس پروجیکٹ کی لاگت تقریباً 3 ہزار کروڑ روپے ہے۔ کل گوہاٹی میں منعقدہ کابینہ میٹنگ میں یہ فیصلہ لیا گیا۔ ریاستی کابینہ نے نبارڈ سے 950 اعشاریہ 43 کروڑ روپے تک کے قرض حاصل کرنے کے فیصلے کو بھی منظوری دی ہے، تاکہ 90 دیہی سڑکوں اور چار دیہی پلوں کی جدید کاری کی جاسکے۔ کابینہ نے سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق Tinsukia میں Bherian-Padumoni وائلڈ لائف سنچری کے آس پاس کے ایک کلومیٹر کے رقبے کو ماحولیاتی اعتبار سے ایک حساس علاقہ قرار دینے کے لیے ترمیم شدہ مسودے کے نوٹیفکیشن کو بھی منظوری دی ہے۔

## J&K LG's Inspection

وادئ کشمیر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل سری نگر میں Zewan کے مقام پر وزیراعظم کے مزدوروں کے پیکیج کے لیے عارضی رہائش گاہوں کے مقام کا معائنہ کیا۔ انہوں نے جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا اور بروقت تکمیل اور زیرتعمیر بلاکس کے پیش رفت کی سخت نگرانی کی ہدایت دی۔

اس کے بعدٗ لیفٹیننٹ گورنر نے پٹھان چوک سری نگر میں شری امرناتھ جی یاترا شرائن بورڈ کے یاتری نیواس اور دفتر کے تعمیراتی

مقام کا دورہ کیا اور اس پروجیکٹ کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ جناب سنہا نے کہا کہ سماجی و اقتصادی پیش رفت کو مزید مضبوط بنانے کے لیے یہ ہمارا مشن ہے کہ ہم اس جاری پروجیکٹ کی تیز رفتار اور معیاری تعمیر کو یقینی بنائیں۔
کشمیر کے ADGP وجے کمار، عوامی امور کے پرنسپل سکریٹری شیلیندر کمار، لیفٹیننٹ گورنر کے پرنسپل سکریٹری مندیپ کمار بھنڈاری، کشمیر کے ڈیویژنل کمشنر وجے کمار بھدوری اور دیگر سینئر افسران اس موقع پر موجود تھے۔

## Israel Hamas

اسرائیل اور فلسطینی جنگجو گروپ حماس کے درمیان جاری لڑائی میں اب تک دونوں جانب مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر ایک ہزار 600 سے زیادہ ہوگئی ہے۔ مختلف میڈیا رپورٹس کے مطابق اس لڑائی میں 900 سے زیادہ اسرائیلی مارے گئے ہیں جبکہ 2 ہزار 600 سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔ حماس نے درجنوں اسرائیلیوں کو یرغمال بنارکھا ہے۔ وہیں فلسطین میں کم از کم 687 افراد کی موت ہوئی ہے اور 3 ہزار 726 افراد زخمی ہوئے ہیں۔
اس بیچ اسرائیل نے غزہ کا مکمل طور پر محاصرہ کرلیا ہے اور غزہ کی غذا، ایندھن اور دیگر فراہمی پوری طرح بند کردی ہے۔ اس دوران اسرائیل نے غیر متوقع طور پر تین لاکھ ریزرو فوجیوں کو طلب کرلیا ہے۔ اپنی تقریر میں اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے حماس سے بدلہ لینے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے حماس پر بچوں کو یرغمال بنانے اور دیگر مظالم کا الزام عائد کیا۔ اسی دوران اسرائیل نے غزہ سے متصل اپنی سرحد کو دوبارہ حاصل کرلینے کا دعویٰ کیا ہے۔
دوسری جانب حماس نے انتباہ دیا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے فلسطین کی شہری آبادی پر حملے ہونے کی صورت میں وہ یرغمال اسرائیلیوں کو مار دے گا۔ دریں اثنا اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گُتریس کے مطابق قریب ایک لاکھ 37 ہزار افراد اقوام متحدہ کے ریلیف کیمپوں میں پناہ لیے ہوئے ہیں۔
وہیں یونیسیف نے خبردار کیا ہے کہ جنگ سے متاثرہ علاقے میں انسانی بحران کی صورتحال تیزی سے بگڑتی جارہی ہے۔ یونیسیف نے مزید کہا کہ مدد پہنچانے والے کارکنوں کو زندگی بچانے والی خدمات اور بچوں اور دیگر افراد تک امداد پہنچانے کے لیے محفوظ راہداری کی ضرورت ہے۔ یونیسیف کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Catherine Russel نے پیر کی رات جنگ میں شامل سبھی فریقوں کو یاد دلایا کہ جنگ میں بچے سب سے پہلے اور سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ انہوں نے غزہ میں یرغمال بنائے گئے بچوں کو فوری طور پر رہا کرنے کی اپیل بھی کی۔

## Kerala EAM on Israel

کیرالا کے وزیراعلیٰ پنا رائی وِجَیَن نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کو خط لکھ کر اسرائیل میں بھارتیوں خصوصاً کیرالا کے لوگوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے مداخلت کا مطالبہ کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اسرائیل میں قریب 7 ہزار کیرالا کے باشندے موجود ہیں اور ریاست میں اُن کے اہل خانہ شدید بے چینی کا شکار ہیں۔ انہوں نے اسرائیل میں یرغمال بنائے گئے افراد کے لیے فکرمندی کا بھی اظہار کیا۔

وہیں امور خارجہ کے وزیرِ مملکت وی مرلی دھرن نے کہا کہ اسرائیل میں پھنسے بھارتی شہری محفوظ ہیں اور بھارتی سفارتخانہ اُن کیلئے پہلے ہی ایڈوائزری جاری کرچکا ہے۔ کوچی میں اتوار کے روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے جناب مرلی دھرن نے کہا کہ اسرائیل میں موجود بھارتی شہری کسی بھی مدد کیلئے بھارتی سفارتخانے سے کسی بھی وقت رابطہ کرسکتے ہیں۔

## World Mental Health

آج دماغی صحت کا عالمی دن ہے۔ یہ دن ہرسال 10 اکتوبر کو منایا جاتا ہے، جس کا مقصد دماغی صحت کے سلسلے میں مثبت تبدیلی لانا اور بیداری پیدا کرنا ہے۔ اس سال اس کا موضوع ہے'' دماغی صحت ایک عالمی انسانی حق''۔ اس موضوع کا مقصد دماغی صحت کے ایک عالمی انسانی حق کے طور پر سبھی کے دماغ کی حفاظت کرنا اور اس سلسلے میں معلومات میں اضافہ کرنا اور عمل آوری کرنا ہے۔ سال 1992 میں دماغی صحت کے عالمی فاؤنڈیشن نے 10 اکتوبر کو دماغی صحت کا عالمی دن منانے کی تجویز پیش کی تھی، جس کی قیادت Richard Hunter نے کی تھی۔

## ICC World Cup

ICC کرکٹ ورلڈ کپ میں دھرمشالہ کے ہماچل پردیش کرکٹ ایسوسی ایشن کے اسٹیڈیم میں دفاعی چمپئن انگلینڈ اور بنگلہ دیش کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔ بنگلہ دیش کے کپتان شکیب الحسن نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ اب سے کچھ دیر پہلے تک انگلینڈ نے 42 اوورس میں 5 وکٹ کے نقصان پر 311 رَن بنا لیے تھے۔

آج دوسرے میچ میں حیدرآباد کے راجیوگاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں پاکستان اور سری لنکا کے درمیان میچ دوپہر دو بجے شروع ہوگا۔

حیدرآباد میں کل کھیلے گئے میچ میں نیوزی لینڈ نے نیدرلینڈ کو 99 رَن سے ہرادیا تھا۔ جیت کیلئے 323 رَن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے نیدرلینڈ کی پوری ٹیم 46 اوورس تین گیندوں میں آؤٹ ہوگئی۔ بھارتیہ کرکٹ ٹیم آج دلّی آ گئی ہے۔ کل ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں اُس کا مقابلہ افغانستان کے ساتھ ہوگا۔x

## Munda Archery

قبائلی امور کے وزیر ارجن منڈا' جو آرچری ایسوسی ایشن آف انڈیا کے صدر بھی ہیں' نے ایشیائی کھیلوں کی فاتح تیراندازی ٹیم' ان کے کوچز اور معاون عملے کو مبارکباد پیش کی۔ تیراندازی ٹیم نے حال ہی میں اختتام پذیر ہوئے ایشیائی کھیلوں میں 9 تمغے جیت کر ریکارڈ بنایا ہے۔ اس موقع پر بات کرتے ہوئے جناب منڈا نے کہا کہ تیراندازی کے دستے میں شامل 16 کھلاڑیوں میں تقریباً سبھی نے جوڑیوں کی شکل میں اور انفرادی طور پر تمغے جیتے جو ایک قابل فخر لمحہ ہے۔ اس تقریب میں NTPC کے چیف مینیجنگ ڈائریکٹر گردیپ سنگھ بھی موجود تھے۔ NTPC لمیٹڈ آرچری ایسوسی ایشن آف انڈیا کی شراکت داری میں بھارت میں تیراندازی کو فروغ دے رہا ہے۔

**Rev. Sikkim IMCT**

بین وزارتی مرکزی ٹیم آج شمالی سکم کا سروے کرے گی اور اچانک سیلاب سے ہوئے نقصانات کا جائزہ لے گی۔ اس ٹیم کی قیادت وزارت داخلہ میں جوائنٹ سکریٹری انت کشور سَرن کررہے ہیں۔ متاثر علاقوں کو مالی امداد فراہم کرنے کے بارے میں بولتے ہوئے ٹیم نے کہا کہ اُن کی پہلی ترجیح ریاست کی فوری ضرورتیں پوری کرنا ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ معمول کے حالات کی بحالی کے بعد مالی امداد جاری کی جائے گی۔ اس بیچ انخلاء کے عمل کے دوسرے دن پھنسے ہوئے لوگوں کو Lachung سے گرین فیلڈ ہوائی اڈے تک پہنچانے پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔

☆☆☆